12624 ـ قبرستان کے شروع میں ہی ایک بار مردوں کو سلام کرنا کافی ہے

سوال

کیا قبرستان کے شروع میں ایک بار ہی مردوں کو سلام کرنا (یعنی قبرستان والی دعا پڑھنا) کافی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ:

یہی کافی ہے اور اس طرح زیارت ہو جاتی ہے، اور اگر قبریں دور دور ہوں تو پھر سب طرف سے قبروں کی زیارت کرنے میں کوئی حرج نہیں.

دیکھیں: کتاب

مجموع فتاوی و مقالات متنوعۃ فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز رحمہ اللہ تعالی (13 / 335).

اور شیخ رحمہ اللہ تعالی سے یہ بھی سوال کیا گیا کہ:

کیا قبروں کی زیارت کرتے وقت زائر کے لیے اس قبر تک پہنچنا مشروع ہے جس کی زیارت کرنا مقصود تھی؟

تو شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا:

پہلی قبر کے پاس ہی کافی ہے، اور اگر وہ اس قبر تک جانا چاہیے جس کی زیارت کرنا مقصود ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے.